Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۴۵ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۵ شعبان المعظم ۱۳۵۸ھ مطابق ۳۰ ستمبر ۱۹۳۹ء جلد ۵۲

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

۱	منظوری اضافہ گریڈ ڈاکٹر کے ایم۔کوپر لیڈی اسسٹنٹ سرجن	۲	۳	منظوری توسیع اختیارات "سب ڈویژنل مجسٹریٹ" مسٹر عبدالجبار صاحب ناظم۔	۳
۲	منظوری عطائے اختیارات نیلام سامان کنٹول خانہ وفراش خانہ	۲ تا ۳			

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم :- واقع ۲۲ ستمبر ۱۹۳۹ء

(دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)

بموجب رپورٹ - ڈاکٹر کے - ایم - کوپر لیڈی اسسٹنٹ سرجن کا اضافہ گریڈ پندرہ روپیہ ماہوار یکم اگست ۱۹۳۹ء سے منظور ہے - سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں -

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میرساند

جناب عالی

ڈاکٹر کے - ایم - کوپر لیڈی اسسٹنٹ سرجن کا گریڈ اجلاس ہمایوں سے ۶ اگست ۱۹۳۸ء کو [illegible] - [illegible] - [illegible] منظور ہوچکا ہے اور ان کی ملازمت کا پہلا سال یکم اگست ۱۹۳۹ء کو ختم ہوگیا - اس لئے بموجب شرائط یکم اگست ۱۹۳۹ء سے پندرہ روپیہ ماہوار اضافہ گریڈ کی منظوری کے لئے عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر نے رپورٹ کی ہے - صیغہ فائنانس نے بھی تصدیق کی ہے کہ اضافہ گریڈ محولہ کا استحقاق حاصل ہے رقم اضافہ منظور شدہ بجٹ ہے

کاغذات ذریعہ عرضداشت حضور پرنور میں پیش ہیں - ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری اضافہ گریڈ پندرہ روپیہ ماہوار از یکم اگست ۱۹۳۹ء تنخواہ ڈاکٹر کے - ایم - کوپر لیڈی اسسٹنٹ سرجن شرف نفاذ پائے - زیادہ حد ادب -

دولت جاوید باد

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت جناب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۱۸ ستمبر ۱۹۳۹ء

حکم :- واقع ۲۲ ستمبر ۱۹۳۹ء

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعد تعلق نیلام سامان کنول خانہ و فراشخانہ تجویز مندرجہ رپورٹ متعلق اختیار اجازت و منظوری نیلام سامان محولہ منظور ہے - سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں -

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میرساند

جناب عالی

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۴ ستمبر ۱۹۳۹ء میں کاغذات منسلکہ پیش ہوکر واضح ہوا کہ سامان کہنہ قابل نیلام متعلقہ کنول خانہ و فراشخانہ قیمتی مبلغ [illegible] (... ہزار دو سو ... [illegible])

کے نیلام کی اجازت اسٹیٹ کونسل سے ہو کر ۳۰ جولائی سنہ ۱۹۳۹ء تک ۲۰۲۲۳ روپیہ ۱۴ آنہ ۸ پائی (بیس ہزار دو سو تیئیس روپیہ چودہ آنہ آٹھ پائی) قیمت کا خرید شدہ سامان نیلام ہو چکا ہے۔ اس نیلام شدہ سامان کی قیمت ۱۵۹۰ روپیہ (ایکہزار پانچسو نوے روپیہ) خریداروں سے وصول ہو کر داخل بنک ہو چکی ہے۔ ۲۰۲۲۳ روپیہ ۱۴ آنہ ۸ پائی (بیس ہزار دو سو تیئیس روپیہ چودہ آنہ آٹھ پائی) کی قیمت خرید کے منجملہ ۱۸۱۰ روپیہ ۸ آنہ ۴ پائی (ایکہزار آٹھسو دس روپیہ آٹھ آنہ چار پائی) کی قیمت کا سامان انچارج صاحبان نیلام کو اختیارات منظوری کے تحت نیلام ہوا اور ۲۹۷۲ روپیہ ۱۵ آنہ ۴ پائی (دو ہزار نو سو بہتر روپیہ پندرہ آنہ چار پائی) کی خرید کا سامان بوجہ عجلت عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی منظوری سے دیا گیا و بقیہ مبلغ ۱۴۷۴ روپیہ (ایکہزار چارسو چوہتر روپیہ) کی قیمت خرید کے نیلام سامان کی جب نوبت آئی تو بحیثیت منسٹر انچارج منظوری دیں۔ کیونکہ فوری منظوری نہ ملنے کی حالت میں بہت سے متفرق سامان نیلام نہ ہو سکتا۔ عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر نے تحریر فرمایا ہے کہ سامان کہنہ قابل نیلام متعلقہ کارخانہ جات مذکور کا نیلام ہو کر اس کی بولی ختم سمجھا کر پچیس روپیہ تک کی خرید شدہ اشیاء کی منظوری دینے کا بصورت خاص نیلام کنندگان کو اختیار دیا گیا ہے۔ اور قواعد تفویض اختیارات کی رو سے ایسی اشیاء جن میں سے ہر ایک کی قیمت خرید سو روپیہ سے کم ہو، ان کے نیلام کی نیز رجسٹر موجودات سے اخراج کی منظوری دینے کا اختیار (بشرطیکہ کسی سال حسابی میں ایسی خارج شدہ اشیاء کی مجموعی قیمت خرید ایک ہزار روپیہ سے زائد نہ ہو) عالیمرتبت منسٹر صاحبان بہادر کو حاصل ہے۔ چنانچہ اسی کے مطابق اب تک عملدرآمد ہوا۔ لیکن بعض اوقات بلکہ بیشتر اس نیلام میں ایسا ہوتا ہے کہ سامان مختلف قسم کا اور تھوڑا بہت ہوتا ہے۔ خریدار اسی وقت دام دے کر سامان لیجانا چاہتا ہے۔ اور اس کو منظوری کی شرط پر روکنے میں پھر خریدار کے جاتے رہنے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ اور اس صورت میں دقت واقع ہوتی ہے۔ زیادہ تر اشیاء کم قیمت والی ہوتی ہیں۔ جو نیلام کنندگان کے اختیارات سے بولی ختم ہو کر خریدار کو دے دی جاتی ہیں کچھ ایسی ہوتی ہیں جن کی قیمت خرید زائد ہوتی ہے اور ان کی منظوری کے لئے رپورٹ آتی ہے مگر اس صورت میں مذکورہ بالا دقت اور دشواری واقع ہوتی ہے۔ اس لئے عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی یہ تجویز ہے کہ اس نیلام میں قیمت خرید جس شے کی پانسو روپیہ تک ہو اس کی منظوری دینے کا، نیز ایک سال حسابی میں ایک ہزار روپیہ تک قیمت خرید کے سامان کے نیلام کئے جانے کی اجازت و منظوری نیلام اور جملہ مراتب نیلام کا اختیار عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر کو عطا فرمایا جائے تاکہ یہ کام بسہولت انجام کو پہنچ جائے۔

کونسل کو تجویز مصرحہ بالا متعلق عطائے اختیار بابت اجازت و منظوری نیلام سامان محولہ بجا لیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر سے اتفاق ہے۔

کاغذات ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہیں۔ ترقی خواہ ستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری تجویز مصرحہ بالا متعلق عطائے اختیار نسبت بابت اجازت و منظوری نیلام سامان محولہ جناب صاحب ہوم منسٹر بہادر شرف نفاذ پائے۔

زیادہ حد ادب۔ دولت جاوید باد

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالیمرتبت جناب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ستمبر ۱۹۲۹ء

حکم

واقع ۲۹ر ستمبر ۱۹۲۹ء

بموجب رپورٹ۔ مسٹر عبد الجبار صاحب کے اختیارات میں ایک ماہ کی توسیع منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی

بحکم ۲۶ر اگست ۱۹۲۹ء مسٹر ضمیر احمد صاحب بہادر ڈپٹی ریونیو منسٹر، اور مسٹر عبد الجبار صاحب ناظم کو ایک ماہ کے تئے شہر رامپور میں مجسٹریٹ درجہ اول اور سب ڈویژنل مجسٹریٹ کے اختیارات عطا ہوئے تھے۔ ترقی خواہ ستدعی ہے کہ مسٹر عبد الجبار صاحب ناظم کے اختیارات مذکورہ بالا میں ایک ماہ کی توسیع کا حکم منظوری پیشگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت جاوید باد

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالیمرتبت جناب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۲۶ر ستمبر ۱۹۲۹ء